1

ھدایہ =

= کتاب الطہارات =

از قلم محمد شفیق مدنی

سوال 1 = کتاب کسے کہتے ہیں؟

سوال 2 = "الطہارات" جمع کا صیغہ کیوں لایا گیا؟

سوال 3 = صاحب ھدایہ نے دلیل پہلے اور دعویٰ بعد میں کیوں ذکر کیا؟

سوال 4 = وضو کے فرائض کتنے اور کون سے ہیں؟

سوال 5 = غسل اور مسح کا معنی کیا ہے؟

سوال 6 = چہرے کی حد طولاً و عرضاً کیا ہے؟

سوال 7 = "لان المواجھة تقع بھذہ الجملة وھو مشتق منھا" سے کیا مراد ہے؟

سوال 8 = غسل میں مرفقان اور کعبان کے داخل ہونے اور نہ ہونے کا اختلاف ائمہ مع دلیل و موقف بیان کریں۔

سوال 9 = "والکعب ھو العظم الناتی" سے کیا بیان کرنا چاہتے ہیں؟

سوال 10 = سر کا مسح کرنا کتنا فرض ہے؟ ائمہ ثلاثہ کا موقف مع دلیل لکھیں۔

سوال 11 = سر کے مسح کے تعلق سے بعض اصحاب الاحناف کا کیا قول ہے؟

سوال 12 = وضو میں دونوں ہاتھوں کو دھونے کی عقلی و نقلی دلیل کیا ہے؟

سوال 13 = وضو میں دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک ہی دھونے کی کیا علت ہے؟

سوال 14 = وضو میں بسم اللہ پڑھنا کیا ہے؟ نیز "لا وضوء لمن لم یسم" سے کیا مراد ہے؟

سوال 15 = استنجاء سے پہلے اور بعد میں بسم اللہ پڑھنا کیا ہے؟

سوال 16 = مسواک کرنا وضو میں کیا ہے؟ اور مسواک نہ ہونے کی صورت میں کیا کرے؟

سوال 17 = مضمضہ و استنشاق کا حکم و کیفیت اور نقلی دلیل بیان کریں۔

سوال 18 = کانوں کے مسح کے متعلق احناف و شوافع کا موقف مع دلیل لکھیں۔

Scanned with CamScanner

سوال 19 = داڑھی کے خلال کا حکم احناف کے تینوں ائمہ کے نزدیک کیا ہے؟

سوال 20 = انگلیوں کے خلال پر عقلی و نقلی دلیل بیان کریں ۔

سوال 21 = غسل کو مکرر کرنے کا حکم نقلی دلیل کے بیان کریں ۔

سوال 22 = وضو میں نیت کے مستحب و فرض ہونے کے متعلق ائمہ کا موقف مع دلیل بیان کریں ۔ اور احناف کی جانب سے دیگر ائمہ کو بیان کیا جواب دیا گیا ہے؟

سوال 23 = سر کو مسح سے گھیرنے کے متعلق احناف و شوافع کا موقف مع دلیل بیان کریں ۔ اور شوافع کا کیا جواب دیا گیا ہے؟

سوال 24 = وضو میں ترتیب کے متعلق احناف و شوافع کا اختلاف مع دلیل بیان کریں ۔

سوال 25 = وضو میں دائیں طرف سے شروع کرنا کیا ہے؟

سوال 26 = نواقض وضو میں سے "ما یخرج من السبیلین" کی وضاحت کریں ۔

سوال 27 = "الخارج من غیر السبیلین" کے متعلق احناف و شوافع کا موقف و دلیل بالتفصیل بیان کریں ۔

سوال 28 = سبیلین و غیر سبیلین میں خروج و ظہور میں سے کس کا اعتبار ہے؟

سوال 29 = منہ بھر قے کسے کہتے ہیں؟

سوال 30 = منہ کب خارج کے حکم میں ہوتا ہے اور کب داخل کے حکم میں ہوتا ہے؟

سوال 31 = امام زفر کا قے اور خون کے متعلق کیا موقف ہے مع دلیل بیان کریں ۔

سوال 32 = احناف کی جانب سے شوافع اور زفر کو قے کے متعلق کیا جواب دیا گیا ہے؟

سوال 33 = "والفرق بین المسلکین ما قدمناہ" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

سوال 34 = متفرق قے کے متعلق امام ابو یوسف و امام محمد کا کیا موقف ہے؟ مفتی بہ قول کن کا ہے؟

Scanned with CamScanner

3

سوال 35 = "لانہ لیس بنجس حکما حیث لم ینتقض بہ الطہارۃ" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

سوال 36 = "اذا قاء مرۃ او طعاما او ماء" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

سوال 37 = کیا بلغم کی قے ناقض وضو ہے؟ اختلاف ائمہ اور مفتی بہ قول بیان کریں۔

سوال 38 = کون سی بلغم کی قے میں اختلاف ہے اور کون سی بلغم میں اختلاف نہیں ہے؟ مع دلیل

سوال 39 = "فکذلک عند محمد اعتبارا بسائر انواعہ" سے کیا بیان کرنا چاہتے ہیں؟

سوال 40 = خون کی قے کے متعلق ائمہ کے موقف مع دلیل لکھیں۔

سوال 41 = سر سے ناک کے نرم حصے تک آنے والے خون کے بارے میں کیا حکم ہے؟

سوال 42 = چت، ٹیک لگا کر اور کسی چیز کا سہارا لے کر سونے سے وضو کیوں ٹوٹ جاتا ہے؟ مع علت بیان کریں۔

سوال 43 = کیا نماز میں سونا ناقض وضو ہے؟ اگر نہیں تو کیوں؟

سوال 44 = اغماء اور جنون سے وضو کے ٹوٹنے کی کیا علت ہے؟

سوال 45 = اغماء کو نیند پر قیاس کیوں نہیں کیا جاتا ہے؟

سوال 46 = رکوع و سجود والی نماز میں قہقہہ لگانے کے متعلق احناف و شوافع کا موقف مع دلیل بیان کریں نیز احناف نے شوافع کی دلیل کا کیا جواب دیا؟

سوال 47 = قہقہہ اور ضحک کی تعریف بیان کریں۔

سوال 48 = سبیلین اور زخم سے کیڑے نکلنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ مع علت بیان کریں۔

سوال 49 = کیا قبل سے نکلنے والی ہوا ناقض وضو ہے؟ اگر نہیں تو کیوں؟

سوال 50 = "حتی لو کانت امراۃ مفضاۃ یستحب لھا الوضوء" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

سوال 51 = چھالے یا پھنسی سے چھلکا چھیلا اور اس سے پانی یا پیپ بہا تو کیا حکم ہے؟

سوال 52 = زخم کے سرے سے بہا تو کیا حکم ہے؟ نیز احناف و شوافع رو ز امام زفر کا

Scanned with CamScanner

موقف بیان کریں۔

سوال 53 = "وھذہ الجملۃ بجیسۃ" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ مع دلیل بیان کریں۔

سوال 54 = "ھذا اذا قشرھا فخرج بنفسہ" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟ وضاحت کریں۔

سوال 55 =

فصل فی الغسل

سوال 55 = غسل کے بیان کو وضو کے بیان سے مؤخر کیوں کیا گیا؟

سوال 56 = غسل کے کتنے اور کون کون سے فرائض ہیں؟

سوال 57 = غسل میں کلی کرنے اور ناک میں پانی ڈالنے کے متعلق شوافع کا کیا موقف ہے؟ اور احناف نے شوافع کو کیا جواب دیا؟ مع دلیل لکھیں۔

سوال 58 = غسل کا طریقہ بیان کریں۔ نیز غسل کا طریقہ کہاں سے لیا گیا ہے؟

سوال 59 = غسل میں پیروں کے دھونے کو مؤخر کرنے کی کیا حکمت ہے؟

سوال 60 = اگر اونچی جگہ یا تختے یا پتھر وغیرہ پر غسل کرے تو پیروں کو کب دھلے؟

سوال 61 = کن چیزوں سے غسل واجب ہوتا ہے؟

سوال 62 = منی کے نکلنے کی کیفیت احناف و شوافع کے ہاں کیا ہے مع دلیل بیان کریں۔ نیز شوافع کی دلیل کا کیا جواب دیا گیا ہے؟

سوال 63 = طرفین اور امام ابو یوسف نے منی کے نکلنے میں کس چیز کا اعتبار کیا ہے؟ نیز مفتی بہ قول کون سا ہے؟

سوال 64 = "والتقاء الختانین من غیر انزال" مذکور عبارت میں بیان کئے ہوئے مسئلہ کی وضاحت دلیل کے ساتھ بیان کریں۔

سوال 65 = کب غسل کرنا سنت ہے؟

Scanned with CamScanner

5

سوال 66 = جمعہ کے دن غسل کرنے کے متعلق اختلافِ ائمہ تحریر کریں باعتبار سنت و وجوب ۔

سوال 67 = غسل جمعہ دن کے لیے سنت ہے یا نماز کے لیے؟ اختلافِ ائمہ مع دلیل تحریر کریں نیز مفتی بہ قول بیان کریں ۔

سوال 68 = مذی اور ودی کا کیا حکم ہے؟

سوال 69 = منی، مذی اور ودی کی تعریف لکھیں ۔

= باب الماء الذی یجوز بہ الوضوء وما لا یجوز بہ =

سوال 70 نجاستوں سے پاکی حاصل کرنا کن پانیوں سے جائز ہے؟ مع دلیل لکھیں ۔

سوال 71 = درخت اور پھل سے نچوڑے ہوئے پانی سے پاکی حاصل کرنا کیسا ہے؟ مع دلیل تحریر کریں ۔

سوال 72 = انگور سے جو پانی خود بخود نکلا ہو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

سوال 73 = "ولا یجوز بماء غلب علیہ غیرہ فاخرجہ عن طبع الماء کالاشربۃ" اس عبارت کی وضاحت کریں نیز ماء الباقلی سے کیا مراد ہے؟

سوال 74 = ماء زردج کو صاحب قدوری اور امام ابو یوسف کس کی منزل میں مانا ہے؟

سوال 75 = جب پانی میں کوئی پاک چیز مل جائے تو اس سے طہارت حاصل کرنے کے متعلق احناف و شوافع کے نزدیک کیا حکم ہے؟ مع دلیل بیان کریں ۔

سوال 76 = "ان تغیر بالطبخ بعد ما خلط بہ غیرہ لا یجوز التوضی بہ" اس عبارت سے کون سا مسئلہ بیان کیا جا رہا ہے؟ وضاحت کریں ۔

سوال 77 = بیری ڈال کر جوش دیئے ہوئے پانی کا کیا حکم ہے؟

سوال 78 = جب کسی پانی میں نجاست گر جائے تو اس سے وضو کرنے کے متعلق

احناف وشوافع اور مالکیہ کا کیا موقف ہے؟ مع دلیل لکھیں نیز شوافع (ومالکیہ) کی دلیل کا
کیا جواب دیا گیا ہے؟

سوال 79 = ماء جاری میں نجاست گر جائے تو اس سے وضو بنانے کا کیا حکم ہے؟

سوال 80 = اثر کون کون سے ہیں؟

سوال 81 = ماء جاری کی تعریف بیان کریں۔

سوال 82 = غدیر عظیم کسے کہتے ہیں؟ نیز مفتی بہ قول کون سا ہے؟

سوال 83 = غدیر عظیم میں گہرائی کتنی ہونی چاہیے؟

سوال 84 = "وقوله فی الکتاب جاز الوضوء من جانب الآخر اشارة" اس عبارت سے کون سا مسئلہ بیان کرنا چاہتے ہیں؟ وضاحت فرمائیں۔

سوال 85 = "وموت ما لیس له نفس سائلة فی الماء لا ینجسه کالبق" اس عبارت کی تشریح کرتے ہوئے شوافع کا موقف اور اسکی دلیل کا جواب تحریر کریں۔

سوال 86 = جو جانور پانی میں رہتے ہیں انکے پانی میں مرنے سے پانی کے فاسد ہونے یا ہونے میں احناف و شوافع کا کیا موقف ہے؟ مع دلیل بیان کریں۔

سوال 87 = پانی کے علاوہ دوسری چیز میں اگر پانی کے جانور مر جائیں تو کیا حکم ہے؟

سوال 88 = "والضفدع البحری والبری سواء" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

سوال 89 = پانی والے اور غیر پانی والے جانور کی پہچان کیسے ہوتی ہے؟

سوال 90 = ماء مستعمل کے پاک اور پاک کرنے والا ہونے کے متعلق اختلاف ائمہ تحریر کریں مع دلیل۔ اور مفتی بہ قول کون سا ہے؟

سوال 91 = ماء مستعمل کون سا ہے مع دلیل لکھیں، نیز مفتی بہ قول کون سا ہے؟

سوال 92 = پانی مستعمل کب ہوتا ہے؟

Scanned with CamScanner

7

سوال 93 = اگر جنبی شخص ڈول نکالنے کے لیے کنوئیں میں غوطہ لگایا تو جنبی اور پانی کے پاک ہونے یا ناپاک ہونے کے متعلق علمائے احناف کے کیا موقف ہیں دلیل کے ساتھ ذکر کریں اور مفتی بہ قول بھی بتائیں —

سوال 94 = " وکل اھاب دبغ فقد طھر " کے تحت اختلاف ائمہ مع دلیل لکھیں اور امام مالک و شافعی کی دلیلوں کا کیا جواب دیا گیا ہے؟

سوال 95 = انسان اور خنزیر کی کھال دباغت دینے سے کیوں پاک نہیں ہوتی؟

سوال 96 = دباغت کس کو کہتے ہیں؟

سوال 97 = کیا غیر ماکول اللحم جانور ذکوٰۃ شرعی سے پاک ہو جاتا ہے؟

سوال 98 = مردار کے بال اور ہڈی کا کیا حکم ہے؟

سوال 99 = انسان کے بال اور ہڈی کا کیا حکم ہے؟

فصل فی البئر

سوال 100 = جب کنوئیں میں نجاست پڑ جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال 101 = کنوئیں کے مسائل کا مبنی کیا ہے؟

سوال 102 = اگر کنوئیں میں اونٹ و بکری کی ایک دو مینگنی گر جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال 103 = اگر مینگنی دودھ کے برتن میں گر جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال 104 = دیگر برتن میں گر جائے تو کیا حکم ہو گا؟

سوال 105 = اگر کنوئیں میں کبوتر وغیرہ کی بیٹ گر جائے تو کیا حکم ہو گا؟ اختلاف ائمہ مع دلیل بیان کریں

سوال 106 = اگر کنوئیں میں بکری نے پیشاب کر دیا تو کیا حکم ہے اختلاف ائمہ

ثلاثہ بیان کریں مع علت۔

سوال 107= ماکول اللحم کا پیشاب دوا وغیر دوا کے طور پر استعمال کرنا کیسا ہے؟

سوال 108= اگر کنویں میں چوہا، گوریا، سودانیہ، چھپکلی مر جائے تو کیا حکم ہے؟ مع دلیل۔

سوال 109 = اگر کنویں میں کبوتر، مرغی اور بلی مر جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال 110 = "فی الجامع الصغیر اربعون او خمسون" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

سوال 111 = ڈول میں کون سا ڈول معتبر ہے؟ اور کتنا بڑا ہونا چاہیئے؟

سوال 112 = اگر کنویں میں بکری، آدمی یا کتا مر جائے تو کیا حکم ہے؟ مع دلیل۔

سوال 113= اگر کنویں میں حیوان پھول یا پھٹ جائے تو کیا حکم ہے؟ مع علت۔

سوال 114 = اگر کنواں جاری ہو، سارا پانی نکالنا ممکن نہ ہو تو کیا حکم ہے؟ علمائے ثلاثہ کے موقف کے ساتھ بیان کریں۔

سوال 115= کنویں میں اگر کوئی جانور مرا ہوا پایا گیا مگر گرنے کا وقت معلوم نہیں، یا پھول پھٹ گیا تو نمازوں کے متعلق کیا حکم ہے مع اختلاف ائمہ بیان کریں نیز مفتی بہ قول بھی لکھیں۔

= فصل فی الاسار =

سوال 116= ہر چیز کے پسینے کا کیا حکم ہے؟

سوال 117= اگر کتے نے برتن میں منہ ڈال دیا تو پاک کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟ مع اختلاف ائمہ تحریر کریں۔

سوال 118= خنزیر کے جوٹھے کا حکم مع علت بیان کریں۔

سوال 119= شکاری پرندوں کے جوٹھے کا حکم کیا ہے؟ اختلاف شوافع بھی تحریر کریں۔

Scanned with CamScanner

سوال 120 = بلی کے جوٹھے کا کیا حکم ہے؟ اختلاف ابو یوسف تحریر کریں مع دلیل۔

سوال 121 = بلی نے چوہا کھایا پھر پانی پی لیا یا کچھ دیر رکی رہی تو کیا حکم ہے؟

سوال 122 = دجاجۃ مخلاۃ کے جوٹھے کا کیا حکم ہے؟

سوال 123 = شکاری پرندوں کے جوٹھے کا کیا حکم ہے؟

سوال 124 = گھر میں رہنے والوں کے جوٹھے کا کیا حکم ہے؟

سوال 125 = گدھے اور خچر کے جوٹھے کا کیا حکم ہے؟ نیز یہ بتائیں کہ شک طہارت میں ہے یا طہوریت میں ہے؟

سوال 126 = گدھی کے دودھ اور پسینے کا کیا حکم ہے؟

سوال 127 = بغل کس کی نسل سے ہوتا ہے؟

سوال 128 = اگر کوئی ماء مشکوک کے علاوہ کوئی پانی نہ پائے تو کیا حکم ہے؟

سوال 129 نبیذ تمر سے وضو کرنے کے متعلق موقف و دلیل ائمہ تحریر کریں

سوال 130 = نبیذ تمر سے غسل کرنے کے متعلق کیا حکم ہے؟

باب التیمم

سوال 131 = تیمم کرنے کا حکم کس کو ہے؟ مع دلیل بیان کریں

سوال 132 = "والکیل ھو المختار فی المقدار" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

سوال 133 = مریض کو تیمم کرنے کا کیا حکم ہے؟ شوافع و احناف کا موقف بیان کریں۔

سوال 134 = "لو خاف الجنب ان اغتسل ان یقتلہ" کی تشریح مع اختلاف ائمہ بیان کریں۔

Scanned with CamScanner

سوال 135 = " والتیمم ضربتان یمسح باحدھما وجھہ بالاخری" سے کیا بتانا چاہتے ہیں؟

سوال 136 = " لابد من الاستیعاب فی ظاھر الروایۃ " میں کس مسئلہ کو بیان کیا جا رہا ہے؟

سوال 137 = " والحدث والجنابۃ فیہ سواء" سے کون سا مسئلہ بیان کر رہے ہیں؟

سوال 138 = کن چیزوں سے تیمم کرنا جائز ہے؟ مع اختلاف ائمہ بیان کریں

سوال 139 = " لا یشترط ان یکون علیہ غبار" کی وضاحت کریں۔

سوال 140 = " یجوز بالغبار مع القدرۃ علی الصعید" کی وضاحت کریں

سوال 141 = " والنیۃ فرض فی التیمم" اختلاف ائمہ تحریر کریں۔

سوال 142 = کس تیمم سے نماز پڑھ سکتے ہیں؟

سوال 143 = " فان تیمم نصرانی یرید بہ الاسلام ثم اسلم" کی مکمل وضاحت کریں مع اختلاف و دلیل۔

سوال 144 = " وان توضأ لا یرید بہ الاسلام ثم اسلم فھو متوضئ" کی وضاحت کریں۔

سوال 145 = " فان تیمم مسلم ثم ارتد ثم اسلم فھو علی تیممہ" کی وضاحت کریں۔

سوال 146 = تیمم کن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے؟

سوال 147 = " ولا یتیمم الا بصعید طاھر" کی وضاحت کریں۔

سوال 148 = " ویستحب لعادم الماء وھو یرجوہ ان یؤخر الصلوٰۃ" کی تشریح کریں

سوال 149 = ایک تیمم سے کون کون سی نمازیں پڑھ سکتے ہیں؟ مع اختلاف لکھیں

سوال 150 = کیا نماز جنازہ کے لیے تیمم کر سکتے ہیں؟ اور ولی کے لیے کیا حکم ہے؟

سوال 151 = کیا نماز عید کے لیے تیمم کر سکتے ہیں؟

Scanned with CamScanner

سوال 152 = "ان احدث الامام او المقتدی فی صلوۃ العید تیمم" کی وضاحت مع اختلاف بیان کریں۔

سوال 153 = کیا نماز جمعہ اور فوت وقت کے خوف کے وقت تیمم کر سکتے ہیں؟

سوال 154 = "والمسافر اذا نسی الماء فی رحلہ" اس مسئلہ کی مکمل وضاحت مع اختلاف للائمہ

سوال 155 = "ولیس علی المتیمم طلب الماء اذا لم یغلب علی ظنہ بقربہ" کی تشریح کریں۔

سوال 156 = "وان کان مع رفیقہ ماء" اور "ولو تیمم قبل الطلب اجزاہ" دونوں عبارت کے مسئلہ کو بیان کریں۔

سوال 157 = "ولو ابی ان یعطیہ الا بثمن المثل" کی وضاحت کریں۔

باب المسح علی الخفین

سوال 158 = تیمم کے بعد مسح علی الخفین کو کیوں بیان کیا گیا ہے؟

سوال 159 = مسح علی الخفین کا ثبوت کہاں سے ہے نیز جو اسکو جائز نہ جانے اسکے لیے کیا حکم ہے؟ اور جو جائز تو جانے مگر نہ کرے تو کیا حکم ہے؟

سوال 160 = مسح علی الخفین کس حدث سے کرنا جائز ہے؟

سوال 161 = طہارت کا کامل ہونا پہننے کے وقت ضروری ہے یا حدث کے وقت؟

سوال 162 = موزہ مانع للحدث ہے یا رافع للحدث؟

سوال 163 = مسح علی الخفین کی مدت مقیم و مسافر کے لیے کتنی ہے؟

سوال 164 = مسح علی الخفین کی مدت کی ابتداء کب سے ہوگی؟

سوال 165 = موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

Scanned with CamScanner

سوال 166 = مسح موزے کے باطن پر کریں گے یا ظاہر پر؟ اور پنڈلی کا کیا حکم ہے؟

سوال 167 = مسح علی الخفین کی کتنی مقدار فرض ہے؟ مع اختلاف بیان کریں۔

سوال 168 = موزہ کتنا پھٹا ہوا ہو تو مسح کرنا جائز ہے اور کتنا پھٹا ہو تو
مسح کرنا جائز نہیں ہے؟ بالتفصیل بیان کریں۔

سوال 169 = کیا جنبی کے لیے مسح علی الخفین جائز ہے؟ دلیل سے ثابت کریں۔

سوال 170 = نواقض مسح علی الخفین بیان کریں۔

سوال 171 = جب مسح کی مدت مکمل ہو جائے تو پھر موزے کو کیسے پہنے؟

سوال 172 = "من ابتدأ المسح وهو مقيم فسافر قبل تمام يوم وليلة"
اس عبارت کی وضاحت کریں۔

سوال 173 = "ولو اقام وهو مسافر ان استكمل مدة الاقامة نزع" اس
عبارت سے کون سا مسئلہ بیان کر رہے ہیں۔

سوال 174 = جرموق پر مسح کرنے کا کیا حکم ہے؟ مع اختلاف بیان کریں۔

سوال 175 = جوربین پر مسح کرنے کا کیا حکم ہے؟ مع اختلاف بیان کریں۔

سوال 176 = عمامہ، ٹوپی، برقع اور دستانوں پر مسح کرنا کیسا؟

سوال 177 = جبائر پر مسح کرنے کا حکم بیان کریں۔

سوال 178 = "ان سقطت الجبيرة عن غير برء لا يبطل المسح" اس عبارت
کی وضاحت کریں۔ اور اس عبارت کی بھی "وان سقطت
عن برء بطل"۔

Scanned with CamScanner

= باب الحیض والاستحاضۃ =

سوال 179 = حیض کے باب کو مسح علی الخفین کے باب کے بعد کیوں لائے؟

سوال 180 = حیض کی تعریف کریں۔

سوال 181 = حیض کی اقل مدت مع اختلاف ائمہ و دلائل بیان کریں۔

سوال 182 = حیض کی اکثر مدت مع اختلاف ائمہ و دلائل بیان کریں۔

سوال 183 = اس عبارت کی وضاحت کریں۔ " وما تراہ المرأۃ من الحمرۃ والصفرۃ والکدرۃ حیض" الی آخرہ"

سوال 184 = حیض کن چیزوں کو ساقط کر دیتا ہے؟

سوال 185 = حائضہ کے مسجد میں داخل ہونے کے متعلق سے حکم بیان کریں مع اختلاف شوافع۔

سوال 186 = حائضہ کے طواف و وطی کے بارے میں کیا حکم ہے؟

سوال 187 = حائضہ، جنبی اور نفساء کے قراءت القرآن کے بارے میں احکام مع قراءت بیان کریں۔

سوال 188 = قرآن کو چھونے کے متعلق کیا حکم ہے؟

سوال 189 = جنبی اور محدث کے قراءت قرآن اور مس قرآن کے متعلق سے حکم بیان کریں نیز حکمت بھی بیان کریں۔

سوال 190 = غلاف کتنے طرح کے ہیں؟

سوال 191 = آستین سے قرآن چھونے کا کیا حکم ہے، نیز کتب شریعت کا حکم کیا ہے؟

سوال 192 = بچوں کو قرآن پاک دینے کا کیا حکم ہے؟

سوال 193 = جب دم حیض دس دن سے کم میں بند ہو جائے تو وطی کرنے اور نہ کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے؟

Scanned with CamScanner

سوال 194 = اگر دم حیض عادت سے کم اور تین دن سے زیادہ میں بند ہو جائے تو وطی کرنے کا کیا حکم ہے؟

سوال 195 = اگر دم حیض دس دن پر بند ہوا تو وطی کرنے کا کیا حکم ہے؟

سوال 196 = وہ طہر جو مدت حیض میں دو خونوں کے درمیان ہو اسکا کیا حکم ہے؟

سوال 197 = طہر کی کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ مدت کتنی ہے؟

سوال 198 = کیا دم استحاضہ سے روزہ، نماز اور وطی منع ہے؟

سوال 199 = اگر دم حیض دس دن سے زیادہ ہو جائے اور اس عورت کی ایک عادت بھی ہے تو حیض کے کتنے ایام مانے جائیں گے؟

~~سوال 200~~

فصل المستحاضۃ

سوال 200 = معذور یعنی مستحاضہ، سلس البول، رعاف دائم کے وضو اور نماز کے متعلق کیا حکم ہے؟ اختلاف ائمہ کے ساتھ بیان کریں۔

سوال 201 = معذورین کا وضو کب ٹوٹتا ہے؟ اختلاف ائمہ کے ساتھ بیان کریں۔

~~سوال~~

فصل فی النفاس

سوال 202 = دم نفاس کسے کہتے ہیں؟

سوال 203 = جو خون حاملہ کو حمل کے دوران آئے یا بچہ نکلنے سے پہلے آئے وہ کون سا خون ہوتا ہے؟ مع اختلاف ائمہ بیان کریں۔

سوال 204 = کچا بچہ کا کیا حکم ہے؟

سوال 205 = نفاس کی اقل مدت اور اکثر مدت کیا ہے؟ مع اختلاف بیان کریں۔

Scanned with CamScanner

15

سوال 206 = نفاس میں جیسی عادت ہو مگر اس بار چالیس سے تجاوز ہو گیا تو کیا حکم ہے ؟ اور اگر عادت نہ ہو تو کیا حکم ہے ؟

سوال 207 = اگر عورت نے دو بچے ایک حمل میں جنے تو نفاس اور عدت کے متعلق کیا حکم ہے ؟ مع اختلاف ائمہ بیان کریں ۔

Scanned with CamScanner